اس کتاب کی ہر جلد میں نقش مخمس کامل کی ایک ہزار طبعی رفتاریں (چالیں) درج ہیں
یہ اس کتاب کی پہلی جلد ہے، اس کے بعد بھی اس کتاب کی بہت سی جلدیں شایع ہوں گی
اس جلد کی ایک ہزار (۱۰۰۰) رفتاروں (چالوں) کی اشاعت کے ساتھ ہی نقش مخمس کامل کی
کل ایک ہزار (۱۰۰۰) رفتاریں (چالیں) شائع ہو کر منظر عام پر آ گئی ہیں

نقوش مخمسات کامل

جلد ۱

مصنف و مؤلف

ماہر اعظم فن تکسیر، الواح، تعویذات و نقوش

جناب نفیس احمد جفار و ماہر تنجیم

☆☆☆ ناشر ☆☆☆

ادارۂ روحانیات، رکن الدین سرائے

ضلع سنبھل، اتر پردیش (انڈیا) پن کوڈ - ۲۴۴۳۰۲

نام کتاب : نقوش مخمسات کامل

مصنف و مؤلف : نفیس احمد جفار و ماہر تنجیم

تعداد صفحات : (ح+۳۳۴) = ۳۴۲/صفحات

قیمت : ۳۰۰۰۰/روپے

جلد : اوّل

ایڈیشن : اوّل

سن طباعت : ۱۷/مئی ۲۰۱۴ء بروز ہفتہ

ناشر : ادارۂ روحانیات، محلّہ انصاریان

ڈاکخانہ بلاری، ضلع مرادآباد (اترپردیش)

انتساب

والد محترم

جناب حافظ عبدالحفیظ مرحوم

(جن کی سعی مشکور سے مجھے لکھنے پڑھنے کا کچھ شعور حاصل ہوا)

اور

والدہ محترمہ زرینہ بیگم صاحبہ

(جن کے قربانیاں اور احسانات گراں بار میری گردن پر قرض ہیں)

کی شفقتوں اور محبتوں

کے نام

عرض مصنف

راقم الحروف نفیس احمد جفار نے اپنی زندگی میں عملیات، تعویذات، نقوش اور فنّ تکسیر کی بہت سی اردو، عربی اور فارسی زبان کی کتابوں کا مطالعہ کیا ہے، لیکن ابھی تک کوئی بھی ایسی کتاب نظر نہیں آئی جس میں نقش مخمس کامل کی ایک ہزار (۱۰۰۰) چالیں بھی درج ہوں، بلکہ کوئی ایسی کتاب بھی نہیں ملی جس میں پانچ سو (۵۰۰) چالیں ہی درج ہوں، لہٰذا اسی کمی کو پورا کرنے کے لئے یہ کتاب مرتب کی گئی ہے۔

امام احمد رضا خانصاحب بریلوی کو فنّ تکسیر کا بے مثال عالم بتایا جاتا ہے۔ ان کے مجموعۂ اعمال قلمی کا ایک انتخاب قاضی محمد عبدالرحیم بستوی صاحب سابق مفتی دارالافتاء منظر اسلام بریلی نے مرتب کر کے " مجموعۂ اعمال رضا حصہ اول " کے نام سے مفتی اعظم ہند حضرت مولانا مولوی علامہ مصطفٰے رضا خاں صاحب کی حیات میں ہی طبع کروا کے شائع کرا دیا تھا۔ اس کے بعد اس کتاب کے حصہ دوم و حصہ سوم بھی شائع ہو کر منظر عام پر آ چکے ہیں۔ راقم الحروف نفیس احمد جفار کے پیش نظر " مجموعۂ اعمال رضا مکمل " ہے۔ اس کو " اعظم پبلیکیشنز ۴۲۲ گلی سروتے والی، مٹیا محل، جامع مسجد، دہلی ۶ " نے شائع کیا ہے، لیکن اس پر سن طباعت و اشاعت ندارد ہے۔ اس کے علاوہ بھی دیگر کئی ناشرین کے مطبوعہ ایڈیشن راقم الحروف نفیس احمد جفار کے ذاتی کتب خانے میں موجود ہیں، ان میں بھی کسی پر سن طباعت و اشاعت درج نہیں ہے۔ سبھی کی کتابت و تعداد صفحات میں کوئی فرق نہیں ہے۔ اس کتاب کو دیکھنے کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ امام احمد رضا خانصاحب بریلوی کے خلیفہ

ملك العلماء مولانا ظفر الدین صاحب رضوی اپنی کتاب میں تحریر فرماتے ہیں کہ
خداوند عالم نے محض اپنے فضل و کرم اور آپ کی محنت وخداداد ذہانت کی وجہ سے اتنے علوم وفنون کا جامع بنایا کہ پچاس فنون میں حضور نے تصنیفات فرمائیں اور علوم ومعارف کے وہ دریا بہائے کہ خدام ومعتقدین کا تو کہنا کیا مخالفین مخالفتیں کرتے اپنی سیاہ قلبی کی وجہ سے برائیاں کرتے مگر ساتھ ساتھ ٹیپ کا بند یہ ضرور کہنے پر مجبور ہوتے کہ سب کچھ ہے مگر مولانا **احمد رضا خانصاحب قلم کے باشاہ ہیں جس مسئلہ پر قلم اٹھادیا نہ موافق کو ضرورت افزائش نہ مخالف کو دم زدن کی گنجائش ہوتی ہے۔**

(حیات اعلیحضرت۔ ملک العلماء مولانا ظفر الدین صاحب رضوی۔ قادری بک ڈپو، نومحلہ مسجد، بریلی شریف۔ سن طباعت ندارد۔ صفحہ ۳۵)

مجموعۂ اعمال رضا مکمل کا مطالعہ کرنے پر راقم الحروف کو نقش مخمس کامل طبعی کی صرف ایک چال مجموعۂ اعمال رضا حصہ اول کے صفحہ ۱۴ پر ملی۔ جس کی بنیاد پر اسی نقش مخمس کامل طبعی کے برابر میں کھیعص کا ایک ذوالکتابت وضعی نقش درج کیا گیا ہے، اس وضعی نقش کے ۱۹ رویں خانہ میں عدد ۷ درج ہے جو کہ غلط ہے، درست عدد ۸ ہے۔ " مجموعۂ اعمال رضا حصہ اول " ۱۴۴ ر صفحات پر مشتمل ہے، لیکن صفحہ ۱۴ ر کے علاوہ کسی بھی صفحہ پر ایک بھی نقش مخمس کامل موجود نہیں ہے نہ طبعی اور نہ وضعی۔ " مجموعۂ اعمال رضا حصہ دوم " ۱۲۸ ر صفحات پر مشتمل ہے۔ اس پوری کتاب کے صرف صفحہ ۴۸ ر پر ایک نقش مخمس کامل وضعی درج ہے، اس کی چال بھی وہی ہے جو حصہ اول کے صفحہ ۱۴ ر پر درج ہے۔ " مجموعہ اعمال رضا حصہ سوم " ۱۶۰ ر صفحات پر مشتمل ہے، لیکن اس میں ایک بھی نقش مخمس کامل موجود نہیں ہے، نہ طبعی اور نہ وضعی۔ " مجموعۂ اعمال رضا مکمل " کل ۴۳۲ ر صفحات پر مشتمل ہے، لیکن پوری کتاب میں

نقش مخمس کامل کی صرف اور صرف ایک ہی چال موجود ہے۔

کاش البرنی صاحب کی کتاب " عامل کامل حصہ دوم " ۱۹۲ر صفحات پر مشتمل تعویذات ونقوش کے فنّ کا اردو زبان میں بیش بہا خزانہ ہے، راقم الحروف نفیس احمد جفار کی نظر میں یہ فنّ تکسیر کی اردو زبان میں سب سے بہتر کتاب ہے۔ یہ کتاب پاکستان کے ناشر " اوراق پبلشر، کراچی " کی شائع کردہ ہے، ہندوستان میں اس کتاب کو کئی ناشرین پاکستانی کتاب کا عکس لے کر شائع کر رہے ہیں۔ کاش البرنی صاحب غالبًا پہلے اردو مصنف ہیں جس نے اپنی کتاب میں نقش مخمس کامل کی پندرہ (۱۵) طبعی چالیں درج کی ہیں اور ۱۲ر صفحات اس کے لئے مختص کئے ہیں۔ اس میں پہلی چال وہی ہے جو امام احمد رضا خانصاحب بریلوی کی کتاب مجموعۂ اعمال رضا حصہ اول میں درج ہے۔ یہی حال عملیات وتعویذات اور نقوش پر مشتمل دیگر کتب کا ہے۔ کسی کتاب کو دیکھنے پر اس میں ایک زیادہ چالیں نکل آئیں ایسا کم ہی اتفاق کم ہی ہوتا ہے۔

نقش مخمس طبعی کی کئی قسمیں ہیں، ان میں سے پانچ قسموں کے بارے میں اور ان کی کل چالوں کے بارے میں مختصر طور پر بیان کیا جاتا ہے۔

﴿۱﴾ اعلیٰ ترین تکسیری نقش مخمس طبعی

اس کی تین ہزار، دوسو (۳۲۰۰) کل چالیں ہیں۔

﴿۲﴾ مطلق قطری نقش مخمس طبعی

اس نقش کے سبھی قطروں کی میزان بھی سطور و اضلاع کی میزان کے برابر ہوتی ہے۔ اس کی سات لاکھ بیس ہزار (۷۲۰۰۰۰) کل چالیں ہیں۔

﴿۳﴾ مقابل مرکز نقش مخمس طبعی کامل

اس نقش کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ مقابل کے دو خانوں کی میزان ہمیشہ عدد ۲۶ ہوتی ہے، اور پانچوں خانوں کی میزان عدد ۶۵ ہوتی ہے۔ اس کی تین لاکھ، اٹھاسی ہزار، تین سو، باون (۳۸۸۳۵۲) کل چالیں ہیں۔

﴿۴﴾ نقش مخمس طبعی کامل

اس کے سطور و اضلاع اور قطران کی میزان عدد ۶۵ ہوتی ہے۔ اس کی دو ارب، بیس کروڑ، چوبیس لاکھ، اکتالیس ہزار، سات سو، بانوے (۲۲۰۲۴۴۱۷۹۲) کل چالیں ہیں۔

﴿۵﴾ نقش مخمس طبعی نیم کامل

اس کے سطور و اضلاع کی میزان عدد ۶۵ ہوتی ہے۔

اس کی چھیالیس کھرب، بتیس ارب، چونتیس کروڑ، چوالیس لاکھ، نو ہزار، چھ سو (۴۶۳۲۳۴۴۰۹۶۰۰) کل چالیں ہیں۔

ہم نے نقش مخمس طبعی کی پانچ قسموں کا ذکر کیا ہے، راقم الحروف کی کتاب " نقوش مخمسات کامل " ان میں سے چوتھی قسم نقش مخمس طبعی کامل پر مشتمل ہے۔ اس کتاب کی یہ پہلی جلد ہے اور اس میں نقش مخمس طبعی کامل کی ایک ہزار چالیس درج کی گئی ہیں۔ اس

کتاب میں سبھی چالیس بغیر خاکہ انگلش اعداد میں ہیں اور اس میں کہیں بھی کسی بھی طرح کی غلطی کا امکان تقریباً نہیں کے برابر ہے، اگر پھر بھی کسی کو کسی طرح کی کوئی غلطی نظر آئے تو اس کی نشاندہی ضرور کریں۔ ہمارا ہدف اس کتاب کی ہر سال کم از کم ایک ہزار جلدیں منظر عام پر لانے کا ہے۔ راقم الحروف نفیس احمد جفار کا ارادہ اس کتاب کی کم از کم دو لاکھ، ترپن ہزار (۲۵۳۰۰۰) جلدیں شائع کر کے منظر عام پر لانے کا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے آپ بھی دعاء کریں اور میں بھی دعاء گو ہوں کہ یہ کام پایہ تکمیل تک پہنچے۔

آمین، بجاہ خاتم النبیین سید المرسلین محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

خادم فنّ تکسیر

نفیس احمد جفار

۱۷ مئی ۲۰۱۴ء بروز شنبہ